| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات<br>(الف) ایمانیات | سبق کا نام: ختمِ نبوّت اور اطاعتِ رسول (خاتم النبیین ﷺ) |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اطاعتِ رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ اور سنتِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کے مفہوم سے واقف ہو سکیں۔
- اللہ تعالیٰ کے احکام کی عملی صورت کو آپ خاتم النبیین ﷺ کے اسوۂ حسنہ کی مثالوں سے سمجھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ایمان کی تکمیل محبت اور پیروی کے بغیر ممکن نہیں ہمارے لیے حضور خاتم النبیین ﷺ کی سیرت پر عمل کرنا قرآن مجید پر عمل کرنے کے مترادف ہے جیسا کہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ترجمہ: ”جس نے رسول (خاتم النبیین ﷺ) کی اطاعت کی گویا اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی۔“

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں **بسم اللہ الرحمن الرحیم** ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو اطاعت کا مطلب بتائیں۔ انھیں بتائیں اطاعت عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی پیروی کرنا یا فرماں برداری کے ہیں۔
- انھیں بتائیں یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے کہ اس نے ہر دور میں انسانوں کی رہنمائی کے لیے انبیائے کرام علیھم السلام مبعوث فرمائے اور ان پاک لوگوں کو اپنے احکامات کتابوں اور صحیفوں کی صورت میں عطا فرمائے۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ اس سلسلے کے آخری کڑی ہیں آپ خاتم النبیین ﷺ پر قرآن مجید نازل کیا گیا۔

- انھیں سمجھائیں قرآن مجید اللہ تعالیٰ کے احکامات پر مشتمل اللہ تعالیٰ کا پیغام ہے حضور پاک خاتم النبیین ﷺ کی سیرت قرآن مجید کی عملی تصویر اور تفسیر ہے۔ قرآن مجید میں اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے:
ترجمہ: ”اے پیغمبر (خاتم النبیین ﷺ) لوگوں سے کہہ دو کہ اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ بھی تم سے محبت کرے گا۔“
- طلبہ کو بتائیں آپ خاتم النبیین ﷺ کی اتباع کا حکم قرآن مجید میں بار بار ہوا ہے ارشادِ باری تعالیٰ ہے:
”آپ فرمادیں کہ اللہ اور رسول (خاتم النبیین ﷺ) کی اطاعت کرو پھر اگر وہ رو گردانی کریں تو اللہ کافروں کو پسند نہیں کرتا۔“ (آل عمران،3:22)

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| تائید | تا۔اِید | حمایت۔ تقویت |
| تصدیق | تص۔دِیق | صداقت۔ سچ ہونے کی تائید کرنا |
| تَفسیر | تَف۔سیر | وضاحت۔ تفصیل |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو ۲ کا سوال نمبر ۲ طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں اور جانچیں کہ کس حد تک انھیں سبق کی سمجھ آ گئی ہے۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

ختم نبوت کے حوالے سے کسی ایک آیت قرآنی کا ترجمہ لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال: ختمِ نبوّت اور اطاعتِ رسول خاتم النبیین ﷺ پر نوٹ لکھیں۔

جواب: ______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

| سبقی منصوبہ بندی: 2 | مضمون: اسلامیات | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 4 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: ختمِ نبوّت اور اطاعت رسول (خاتم النبیین ﷺ) | باب دوم: ایمانیات و عبادات<br>(الف) ایمانیات |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اطاعتِ رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ اور سنتِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کے مفہوم سے واقف ہو سکیں۔
- اللہ تعالیٰ کے احکام کی عملی صورت کو آپ خاتم النبیین ﷺ کے اسوۂ حسنہ کی مثالوں سے سمجھ سکیں۔
- سنتِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کی اہمیت اور شرعی حیثیت کو سمجھ سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے اسوۂ حسنہ کے مطابق اپنی زندگیاں ڈھال سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ انھیں بتائیں ختمِ نبوّت کے عقیدے کو ماننے کا یہ بھی تقاضا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول خاتم النبیین ﷺ نے جو احکام دیے ہیں ان پر عمل کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول خاتم النبیین ﷺ کی اطاعت میں ہی انسان کی دنیا و آخرت کی کامیابی کا راز پوشیدہ ہے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو سنت کے معنی سمجھائیں۔ انھیں بتائیں سنت کے معنی طریقہ اور عادت کے ہیں۔ جبکہ سنتِ نبوی سے مراد نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کا زندگی گزارنے کا طریقہ ہے۔
- انھیں بتائیں آپ خاتم النبیین ﷺ کی زندگی ہمارے لیے بہترین نمونہ ہے آپ خاتم النبیین ﷺ کی زندگی طور اطوار، عادات و معمولات سب میں ہمارے لیے صریح ہدایت اور رہنمائی موجود ہے۔
- انھیں بتائیں دینِ اسلام میں سنت کو بنیادی حیثیت حاصل ہے اور یہ اسلامی شریعت کا ماخذ ہے۔ سنت کو جانے بغیر قرآن مجید کی تعلیمات پر عمل کرنا ممکن نہیں۔

- اسی لیے آپ خاتم النبیین ﷺ کی اسوۂ حسنہ کو تمام اہلِ ایمان کے لیے نمونہ قرار دیا گیا ہے۔

## مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ: 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| تابع | تا۔بِ۔ع | تابع رکھنے والا۔ مطیع وفرماں بردار |
| بے راہ روی | ب۔راہ۔رَوی | غلط راستے پر چلنا |
| دل جمعی | دِل۔جَمع | تسلی۔اطمینان |

## اعادہ: 2منٹ

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

## جائزہ: 6منٹ

مشق جز و ۱۳اور ۴ کتاب پر حل کروائیں۔

## گھر کا کام: 2منٹ

ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## سرگرمی برائے طلبہ: 5منٹ

اپنا جائزہ لیں کہ آپ روزمرہ معاملات میں کن کن سنتوں پر عمل کرتے ہیں۔فہرست تیار کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال: سنتِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کی اہمیت بیان کریں۔

جواب: ______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 4 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: زکوٰۃ | باب دوم: ایمانیات و عبادات<br>(ب) عبادات |
| --- | --- |

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- زکوٰۃ کا معنی و مفہوم جان سکیں۔
- زکوٰۃ کی اہمیت اور فضیلت کے متعلق آگاہی حاصل کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے ارکانِ اسلام کے نام پوچھیں اور تختہ تحریر پر لکھیں۔ انھیں بتائیں زکوٰۃ اسلام کا تیسرا رکن ہے اور نماز کے بعد زکوٰۃ کا بڑا درجہ ہے۔ انھیں بتائیں زکوٰۃ مالی عبادت ہے اور ایمان کا امتحان ہے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں زکوٰۃ اسلام کا تیسرا رُکن ہے اور اس کے معنی پاک ہونا، بڑھنا اور نشو و نما پانا کے ہیں۔
- انھیں بتائیں زکوٰۃ کے نظام سے دولت کا دھارا امیر طبقے سے غریب طبقے کی جانب مڑ جاتا ہے جس سے غریب کی معاشی حالت بہتر ہو جاتی ہے۔
- زکوٰۃ کی ادائی ایک مسلمان کو یہ یاد لاتی ہے کہ جو وہ دولت کماتا ہے وہ حقیقت میں اس کی ملکیت نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی امانت ہے۔
- طلبہ کو بتائیں صاحب نصاب مسلمان پر زکوٰۃ فرض ہے یعنی اس کے پاس ایک خاص مقدار میں روپیا یا مال جمع ہو اور اس پر ایک سال گزر جائے۔

- زکوٰۃ کی اہمیت اور فرضیت سے متعلق طلبہ کو آگاہ کریں اور بتائیں کہ قرآن مجید میں نماز کے ساتھ ساتھ زکوٰۃ کا جابجا ذکر کیا گیا ہے۔

اِرشادِ ربانی ہے:

"اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور اللہ تعالیٰ کے آگے جھکنے والوں کے ساتھ جھکا کرو۔" (سورۃ البقرۃ: ۴۳)

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| برتاؤ | بر۔تا۔او | میل جول۔طرزِ عمل |
| وضع قطع | و۔ضع۔ق۔طع | شکل وصورت |
| بودوباش | بود۔و۔با۔ش | سکونت۔قیام |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کے پہلے دو سوالوں کے جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اپنی جیب میں سے کچھ پیسے بچا کر کسی غریب کی مدد کریں۔